اے۔ وی۔ ایم کا

छाया

چھایا

اداکاران

سنیل دت۔ آشا پارکھ

للتا پوار۔ نروپا رائے

قیمت ۱/

رتن اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)

گانے

چھپا کے

گانا نمبر ۱

یا کہہ دے ہم انسان نہیں
یا مان جا تو بھگوان نہیں

ہم اپنی خوشی سے آئے نہیں
دنیا میں ہمیں تو لایا ہے
یہ سچ ہے اگر تو پھر ہم سے
کیوں دور تیری ہی چھایا ہے
یا ہم تیرے مہمان نہیں ـــــ یا کہہ دے ـــــ

یہ غم کی دھوپ تو دی لیکن
خوشیوں کی کبھی برسات نہ دی
جو چین کی نیند میں کٹ جاتی
ایسی تو کبھی ایک رات نہ دی
کیا اپنا کوئی ارمان نہیں ـــ یا کہہ دے ـــ

گھبرا کے کبھی دل کہتا ہے
اچھا ہے اگر ہم مر جائیں
مرنا بھی تو تیرے ہاتھ میں ہے
یہ کام بھی کیسے کر جائیں
جینا بھی کوئی آسان نہیں
یا کہہ دے ہم انسان نہیں

گانا نمبر ۲ :-

چھم چھم ناچت آئی بہار
پات پات نے لی انگڑائی
جھوم رہی ہے ڈار ڈار — چھم چھم ناچت —
مہک رہی پھلواڑی — نکھری کیاری کیاری
پھول پھول پر جوبن آیا
کلی کلی نے کیا سنگار
چھم چھم ناچت —
منوا ڈولے — جانے کیا کیا بولے
بین ویلی آشا جاگے
جھوم مت منوا بار بار
چھم چھم ناچت —

گانا نمبر ۳ :-

اتنا نہ مجھ سے تو پیار بڑھا
کہ میں اک بادل آوارا
کیسے کسی کا سہارا بنوں
کہ میں خود بے گھر بے چارہ
اس لئے تجھ سے میں پیار کروں
کہ تو ایک بادل آوارہ
جنم جنم سے ہوں ساتھ تیرے
ہے نام میرا جل کی دھارا

گانا نمبر ۲:۔

چھم چھم ناچت آئی بہار
پات پات نے لی انگڑائی
جھوم رہی ہے ڈار ڈار ۔ چھم چھم ناچت ——
مہک رہی پھلواڑی ۔ نکھری کیاری کیاری
پھول پھول پر جوبن آیا
کلی کلی نے کیا سنگار ۔
چھم چھم ناچت ——
من متوالا ڈولے ۔ جانے کیا کیا بولے
بین ویلی آشا جاگے
جھوم مت متوا بار بار
چھم چھم ناچت ——

گانا نمبر ۳:۔

لڑکا:۔ اتنا نہ مجھ سے تو پیار بڑھا
کہ میں اک بادل آوارا
کیسے کسی کا سہارا بنوں
کہ میں خود بے گھر بے چارہ

لڑکی:۔ اس لئے تجھ سے میں پیار کروں
کہ تو ایک بادل آوارہ
جنم جنم سے ہوں ساتھ تیرے
ہے نام میرا جل کی دھارا

لڑکا :- مجھے ایک جگہ آرام نہیں
رُک جانا میرا کام نہیں
میرا ساتھ کہاں تک دو گی تم
میں دیش ودیش کا ونجارا

لڑکی :- او نیل گگن کے دیوانے
تو پیار نہ میرا پہچانے
میں تب تک ساتھ چلوں تیرے
جب تک نہ کہے تو میں ہارا

لڑکا :- کیوں پیار میں تو نادان ہے
ایک پاگل کا ارمان بنے

لڑکی :- اب لوٹ کے جانا مشکل ہے
میں نے چھوڑ دیا ہے جگ سارا

گانا نمبر ۹ :-

آنکھوں میں مستی شراب کی
کالی زلفوں میں راتیں شباب کی
جانے آئی کہاں سے ٹوٹ کے
میرے دامن میں پنکھڑی گلاب کی
چاند کا ٹکڑا کہوں - یا حسن کی دنیا کہوں
پریت کی سرگم کہوں - یا پیار کا سپنا کہوں
سوچتا ہوں کیا کہوں - اس شوخ کو میں کیا کہوں
چال کیسی ہے - ہو - پہلی گھٹا برسات کی

ہر ادا اپنی جگہ ۔ تعریف ہو کس بات کی
آرزو کتنے دنوں سے ۔ تھی ہمیں اس رات کی
یہ آنکھوں میں مستی شباب کی ۔

گانا بمبئی :-
آنسو سمجھ کے کیوں مجھے ۔ آنکھ سے تم نے گرا دیا
موتی کسی کے پیار کا ۔ مٹی میں کیوں ملا دیا
آنسو سمجھ کے کیوں ۔
جو نہ چمن میں کھل سکا ۔ میں وہ غریب پھول ہوں
جو کچھ بھی ہوں بہار کی ۔ چھوٹی سی ایک بھول ہوں
جس نے کھلا کے خود مجھے ۔ خود ہی مجھے بھلا دیا
آنسو سمجھ کے ۔
نغمہ ہوں کب مگر مجھے ۔ اپنے پہ کوئی ناز تھا
گایا گیا ہوں جس پہ میں ۔ ٹوٹا ہوا وہ ساز تھا
جس نے سنا وہ ہنس دیا ۔ ہنس کے مجھے رلا دیا
آنسو سمجھ کے
میری خطا ہو معاف ۔ میں بھولے سے آ گیا ہوں
ورنہ مجھے بھی ہے خبر ۔ میرا نہیں ہے یہ جہاں
ڈر پہ چلا تھا نیند میں ۔ اچھا کیا جگا دیا
گانا بمبئی
لڑکا :- دل سے دل کی ڈور باندھی
چوری چوری جائیں ہم تم

تم ہم سنگ سنگ چلے آج کہاں ۔ جانے آج کہاں
قدم ملا کر چلے اِدھر
لے گئے چلے یہ پیار جدھر
لڑکی
پیار کے راہی تو ہی بتا
ختم کہیں ہوگا یہ سفر
لڑکا۔ جہاں پہ گائے دل کی سرگم
دل سے دل کی ڈور باندھے
لڑکی:۔ نئی سی دنیا نیا سماں
چھپا ہوا تھا پیار کہاں
لڑکا:۔ چھپا ہوا تھا یہیں کہیں
خبر تھی دل کو مگر نہیں
لڑکی:۔ ہٹا دو پردہ پیار جگا
چلو لیں بس ہم تم
تم ہم سنگ سنگ ایک نیا جہاں ۔ نیا جہاں
لڑکا:۔ کلی تھی پہلے پھول ہوئی
کہو یہ کس کی بھول ہوئی
لڑکی:۔ چمن رہے یہ کھلا کھلا
دل تو دل سے ملا ملا
لڑکا:۔ ملی ہے منزل زندگی کو
دل یہ پوچھے ہم تم
ہم تم سنگ سنگ

گانا نمبر

اتنا نہ مجھ سے تو پیار بڑھا
کہ میں ایک بادل آوارہ
کیسے کسی کا سہارا بنوں
کہ میں خود بے گھر بے چارہ
ارمان تھا گلشن پر برسوں
ایک شوخ کے دامن پر برسوں
افسوس چلی مٹی پہ مجھے
تقدیر نے میری دے مارا
مدہوش ہمیشہ رہتا ہوں
خاموش ہوں کب کچھ کہتا ہوں
کوئی کیا جانے میرے سینے میں
ہے بجلی کا بھی انگارہ

ختم شد

عملیات تعویذات کی لاجواب کتابیں

عملیات تسخیر عالم	3/-/-	عملیات شنی کرن	3/-/-
عملیات تسخیر محبوب	1/8/-	اندر جال	1/8/-
عملیات قلوب	2/-/-	اُستاد جادوگراں	3/-/-
مکمل جادوگری	2/8/-	جادو مسمریزم	2/-/-
بنگال کا جادو	-/12/-	کالا جادو	4/-/-
کامروپ کا جادو	-/12/-	اُلو تنتر	3/-/-
رہنما جادوگری	1/4/-	کوا تنتر	4/-/-
نقش سلیمانی	1/-/-	نقش سعدی	-/12/-
تعویذ سلیمانی	1/-/-	کنزالحسنین	2/-/-

لاجواب قصوں کی کتابیں

داستان امیر حمزہ	5/-/-	گل بکاولی	1/-/-
داستان الف لیلیٰ	5/-/-	گل صنوبر	-/8/-
قصہ حاتم طائی	1/8/-	طوطا مینا مکمل	1/8/-
باغ و بہار	1/4/-	نو رتن	-/12/-
فسانہ عجائب	1/-/-	چھبیلی بھٹیاری	-/15/-
عورت ڈولہ	-/6/-	داستان بہرام سلطانہ	-/14/-

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی